احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

پیر 13راکتوبر2008ء

روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 13راکتوبر 2008ء 13شوال 1429ہجری 13راخاء 1387ہش جلد 58-93 نمبر 233

نماز باجماعت

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

نماز باجماعت اکیلے آدمی کی نماز سے 25 گنا زیادہ ثواب کا موجب ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الاذن باب فضل صلوٰۃ الفجر حدیث نمبر :612)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

میں دیکھتا ہوں کہ لوگ نمازوں میں غافل اور سست اس لئے ہوتے ہیں کہ ان کو اس لذت اور سرور سے اطلاع نہیں جو اللہ تعالیٰ نے نماز کے اندر رکھا ہے اور بڑی بھاری وجہ اس کی یہی ہے۔ پھر شہروں اور گاؤں میں تو اور بھی سستی اور غفلت ہوتی ہے۔ سو پچاسواں حصہ بھی تو پوری مستعدی اور سچی محبت سے اپنے مولا حقیقی کے حضور سر نہیں جھکاتا۔ پھر سوال یہی پیدا ہوتا ہے کہ کیوں؟ ان کو اس لذت کی اطلاع نہیں اور نہ کبھی انہوں نے اس مزہ کو چکھا اور .... یہ لوگ بہت ہی قابل رحم ہیں۔ بعض لوگ یہاں بھی ایسے ہیں کہ ان کی دکانیں دیکھو تو .... کے نیچے ہیں۔ مگر کبھی جا کر کھڑے بھی تو نہیں ہوتے۔ پس میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ سے نہایت سوز اور ایک جوش کے ساتھ یہ دعا مانگنی چاہئے کہ جس طرح پھلوں اور اشیاء کی طرح طرح کی لذتیں عطا کی ہیں۔ نماز اور عبادت کا بھی ایک بار مزہ چکھا دے۔ کھایا ہوا یاد رہتا ہے۔ دیکھو اگر کوئی شخص کسی خوبصورت کو ایک سرور کے ساتھ دیکھتا ہے، تو وہ اسے خوب یاد رہتا ہے اور پھر اگر کسی بدشکل اور مکروہ ہیئت کو دیکھتا ہے، تو اس کی ساری حالت بہ اعتبار اس کے مجسم ہو کر سامنے آجاتی ہے۔ ہاں۔ اگر کوئی تعلق نہ ہو تو، کچھ یاد نہیں رہتا۔ اسی طرح بے نمازوں کے نزدیک نماز ایک تاوان ہے کہ ناحق صبح اٹھ کر سردی میں وضو کر کے خوابِ راحت چھوڑ کر کئی قسم کی آسائشوں کو کھو کر پڑھنی پڑتی ہے اصل بات یہ ہے کہ اسے بیزاری ہے، وہ اس کو سمجھ نہیں سکتا۔ اس لذت اور راحت سے جو نماز میں ہے اس کو اطلاع نہیں ہے پھر نماز میں لذت کیونکر حاصل ہو۔ میں دیکھتا ہوں کہ ایک شرابی اور نشہ باز انسان کو جب سرور نہیں آتا، تو وہ پے در پے پیالے پیتا جاتا ہے، یہاں تک کہ اس کو ایک قسم کا نشہ آجاتا ہے۔ دانشمند اور بزرگ انسان اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے اور وہ یہ کہ نماز پر دوام کرے اور پڑھتا جاوے۔ یہاں تک کہ اس کو سرور آجاوے اور جیسے شرابی کے ذہن میں ایک لذت ہوتی ہے، جس کا حاصل کرنا اس کا مقصود بالذات ہوتا ہے۔ اسی طرح سے ذہن میں اور ساری طاقتوں کا رجحان نماز میں اسی سرور کا حاصل کرنا ہو اور پھر ایک خلوص اور جوش کے ساتھ کم از کم اس نشہ باز کے اضطراب اور قلق و کرب کی مانند ہی ایک دعا پیدا ہو کہ وہ لذت حاصل ہو تو میں کہتا ہوں اور سچ کہتا ہوں کہ یقیناً یقیناً وہ لذت حاصل ہو جاوے گی۔ پھر نماز پڑھتے وقت ان مفاد کا حاصل کرنا بھی ملحوظ ہو جو اس سے ہوتے ہیں اور احسان پیش نظر رہے .... (ھود:115) یعنی نیکیاں یا نماز بدیوں کو دور کرتی ہے یا دوسرے مقام پر فرمایا ہے۔ نماز فواحش اور برائیوں سے بچاتی ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ بعض لوگ باوجود نماز پڑھنے کے پھر بدیاں کرتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ وہ نمازیں پڑھتے ہیں، مگر نہ روح اور راستی کے ساتھ۔ وہ صرف رسم اور عادت کے طور پر ٹکریں مارتے ہیں۔ ان کی روح مردہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کا نام حسنات نہیں رکھا اور یہاں جو حسنات کا لفظ رکھا الصلوٰۃ کا لفظ نہیں رکھا۔ باوجودیکہ معنے وہی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تا نماز کی خوبی اور حسن و جمال کی طرف اشارہ کرے کہ وہ نماز بدیوں کو دور کرتی ہے جو اپنے اندر ایک سچائی کی روح رکھتی ہے اور فیض کی تاثیر اس میں موجود ہے۔ وہ نماز یقیناً یقیناً برائیوں کو دور کرتی ہے۔ نماز نشست و برخاست کا نام نہیں ہے۔ نماز کا مغز اور روح وہ دعا ہے جو ایک لذت اور سرور اپنے اندر رکھتی ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 103)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔

میرے پاس کوئی ایسا چاقو نہیں جس سے میں اپنا دل چیر کر تمہیں دکھلا سکوں کہ مجھے قرآن سے کس قدر محبت اور پیار ہے۔ قرآن کا ایک ایک حرف کیسا عمدہ اور پیارا لگتا ہے۔ مجھے قرآن کے ذریعہ سے بڑی بڑی فرحتوں کے مقام پر پہنچایا جاتا ہے۔

(بدر 15 مئی 1913ء)

وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ میں عربی، انگریزی اور فرنچ سیکھئے

وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ، دارالرحمت وسطی ربوہ میں نئے سیشن کیلئے مندرجہ ذیل تفصیل کے مطابق مختلف زبانوں میں داخلے شروع کئے جا رہے ہیں۔

☆ عربی لیول 1 (مڈل تک کے واقفین و واقفات نو کیلئے)
☆ انگریزی لیول 2 (میٹرک تا بی اے کی واقفات نو کیلئے)
☆ فرنچ لیول 1 (مڈل تک کے واقفین و واقفات نو کیلئے)
☆ انگریزی لیول 2 (میٹرک تا بی اے کے واقفین نو کیلئے)

مورخہ 13۔ اکتوبر 2008ء کو عصر تا مغرب انسٹیٹیوٹ سے داخلہ فارم حاصل کرلیں، 14 راکتوبر کو پُر شدہ فارم وصول کئے جائیں گے اور کلاسز کا آغاز 15 راکتوبر سے ہوگا۔ کیونکہ سیٹیں محدود ہیں اس لئے صرف ایک دن ہی فارم تقسیم کئے جائیں گے۔ لہٰذا خواہش مند خواتین و حضرات بروقت تشریف لا کر داخلہ فارم حاصل کرلیں، سیکرٹریان وقف نو محلّہ جات سے گزارش ہے کہ وہ مذکورہ معلومات واقفین نو تک پہنچا دیں۔ مزید معلومات کیلئے فون نمبر 0476011966 پر رابطہ کریں۔

(انچارج وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ ربوہ)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

مشعل راہ

دو بجے رات سب بیدار ہوتے اور چہل پہل ہوتی

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 26 ستمبر 2003ء میں احمدیوں کی نمازوں کی پابندی کے نیک نمونہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

قادیان میں نمازوں اور تہجد کے التزام کے بارہ میں حضرت نواب محمد علی خان صاحب فرماتے ہیں کہ میں قادیان میں سورج گرہن کے دن نماز میں موجود تھا۔ مولوی محمد احسن صاحب امروہوی نے نماز پڑھائی اور نماز میں شریک ہونے والے بے حد رو رہے تھے۔ اس رمضان میں یہ حالت تھی کہ صبح دو بجے سے چوک احمدیہ میں چہل پہل ہو جاتی۔ اکثر گھروں میں اور بعض (بیت) مبارک میں آ موجود ہوتے جہاں تہجد کی نماز ہوتی، سحری کھائی جاتی اور اول وقت صبح کی نماز ہوتی اس کے بعد کچھ عرصہ تلاوت قرآن شریف ہوتی اور کوئی آٹھ بجے کے بعد حضرت مسیح موعود سیر کے لئے تشریف لے جاتے۔ سب خدام ساتھ ہوتے۔ یہ سلسلہ کوئی گیارہ بارہ بجے ختم ہوتا۔ اس کے بعد ظہر کی .... ہوتی اور ایک بجے سے پہلے نماز ظہر ختم ہو جاتی اور پھر نماز عصر بھی اول وقت میں پڑھی جاتی۔ بس عصر اور مغرب کے درمیان فرصت کا وقت ملتا تھا۔ مغرب کے بعد کھانے وغیرہ سے فارغ ہو کر آٹھ ساڑھے آٹھ بجے نماز عشاء ختم ہو جاتی اور ایسا ہو کا عالم ہوتا کہ گویا کوئی آباد نہیں مگر دو بجے رات سب بیدار ہوتے اور چہل پہل ہوتی''۔

(رفقاء احمد جلد 2 صفحہ 77)

پھر نواب محمد عبداللہ خان صاحب کے بارہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایک روایت لکھی ہے کہ نماز کے عاشق تھے۔ خصوصاً نماز باجماعت کے قیام کے لئے آپ کا جذبہ اور جدوجہد امتیازی شان کے حامل تھے۔ بڑی باقاعدگی سے پانچ وقت (۔) میں جانے والے۔ جب دل کی بیماری سے صاحب فراش ہو گئے تو .... کی آواز کو ہی اس محبت سے سنتے تھے جیسے محبت کرنے والے اپنی محبوب آواز کو۔ جب ذرا چلنے پھرنے کی سکت پیدا ہوئی تو بسا اوقات گھر کے لڑکوں میں سے ہی کسی کو پکڑ کر آگے کھڑا کر دیتے اور باجماعت نماز ادا کرنے کے جذبہ کی تسکین کر لیتے۔ یا رتن باغ میں نماز والے کمرہ کے قریب ہی کرسی سرکا کر باجماعت نماز میں شامل ہو جایا کرتے۔ جب ماڈل ٹاؤن والی کوٹھی میں گئے تو وہیں پنجوقتہ باجماعت نماز کا اہتمام کر کے گویا گھر کو ایک قسم کی (۔) بنا لیا۔ پانچ وقت .... موسم کی مناسبت سے کبھی باہر گھاس کے میدان میں، کبھی کمرے کے اندر چٹائیاں بچھوانے کا اہتمام کرتے اور بسا اوقات پہلے نمازی ہوتے (۔) پہنچ کر دوسرے نمازیوں کا انتظار کیا کرتا۔ مختلف الانواع لوگوں کے لئے اپنی رہائش گاہ کو پانچ وقت کے آنے جانے کی جگہ بنا دینا کوئی معمولی نیکی نہیں خصوصاً ایسی حالت میں اس نیکی کی قیمت اور بھی بڑھ جاتی ہے جبکہ صاحب خانہ کا رہن سہن کا معیار خاصا بلند ہو اور معاشرتی تعلقات کا دائرہ بہت وسیع ہو''۔

(رفقاء احمد جلد 12 صفحہ 152-153)

پنجگانہ نماز کے التزام کے بارہ میں بھی حضرت مسیح موعود شیخ حامد علی صاحب کے بارہ میں فرماتے ہیں:

''حبی فی اللہ شیخ حامد علی۔ یہ جوان صالح اور ایک صالح خاندان کا ہے اور قریباً سات آٹھ سال سے میری خدمت میں ہے اور میں یقیناً جانتا ہوں کہ مجھ سے اخلاص اور محبت رکھتا ہے۔ اگرچہ دقائق تقویٰ تک پہنچنا بڑے عرفاء اور صلحاء کا کام ہے۔ مگر جہاں تک سمجھ ہے اتباع سنت اور رعایت تقویٰ میں مصروف ہے۔ میں نے اس کو دیکھا ہے کہ ایسی بیماری میں جو نہایت شدید اور مرض الموت معلوم ہوتی تھی اور ضعف اور لاغری سے میت کی طرح ہو گیا تھا۔ التزام ادائے نماز پنجگانہ میں ایسا سرگرم تھا کہ اس بیہوشی اور نازک حالت میں جس طرح بن پڑے نماز پڑھ لیتا تھا۔ میں جانتا ہوں کہ انسان کی خداترسی کا اندازہ کرنے کے لئے اس کے التزام نماز کو دیکھنا کافی ہے کہ کس قدر ہے اور مجھے یقین ہے کہ جو شخص پورے پورے اہتمام سے نماز ادا کرتا ہے اور خوف اور بیماری اور فتنہ کی حالتیں اس کو نماز سے روک نہیں سکتیں وہ بے شک خدا تعالیٰ پر ایک سچا ایمان رکھتا ہے۔ مگر یہ ایمان غریبوں کو دیا گیا دولت منداس نعمت کو پانے والے بہت ہی تھوڑے ہیں''۔ (ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 540)

(روزنامہ الفضل 6 فروری 2004ء)

تبصرہ

رختِ ہنر

شاعر۔ راجہ غالب احمد صاحب

محترم راجہ غالب احمد صاحب کے مجموعہ کلام ''رختِ ہنر'' کا مختصر تعارف پہلے کروایا جا چکا ہے کئی لحاظ سے انفرادیت کا حامل ہے۔ مجموعے پر کسی نقاد کا لکھا ہوا کوئی تبصرہ موجود نہیں۔ خود راجہ غالب احمد نے بھی کوئی پیش لفظ نہیں لکھا۔ ''رختِ ہنر'' میں پہلے مجموعے ''راحتِ گمنام'' کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ سب سے دلچسپ بات یہ ہے کہ ''راحتِ گمنام'' یا ''رخت ہنر'' کی کسی غزل میں شاعر نے اپنا تخلص یا نام استعمال نہیں کیا۔

راجہ غالب احمد گجرات میں پیدا ہوئے۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم۔ اے نفسیات اعزاز کے ساتھ پاس کرنے کے بعد آپ پاکستان ایئر فورس میں بطور سائیکالوجسٹ خدمات انجام دیتے رہے۔ بعد ازاں محکمہ تعلیم میں آ گئے اور لاہور سیکنڈری بورڈ کے سیکرٹری، سرگودھا سیکنڈری بورڈ کے چیئرمین نیز پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کے چیئرمین کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیں۔ 1974ء سے 1988ء تک بطور او۔ ایس۔ ڈی (O.S.D) کام کرتے رہے۔ جناب راجہ غالب احمد حنیف رامے، شہزاد احمد اور احمد مشتاق کے کالج فیلو ہیں۔ نثر میں آپ کی کتاب ''تشدد کا تاریخی پہلو'' بھی منظرِ عام پر آ چکی ہے جسے ادارہ مشعل پاکستان نے شائع کیا ہے۔

''رخت ہنر'' میں غزلیں بھی ہیں اور آزاد نظمیں بھی۔ مجموعے ''رختِ ہنر'' کی ابتداء نعتیہ غزل سے کی گئی ہے۔ مطلع ہے:

مرا آقا محمد مصطفیٰؐ ہے
مرا سردار احمد مجتبیٰ ہے

انتظار کی کیفیت کو مختلف شعراء نے اپنے اپنے انداز سے بیان کیا ہے۔ بعض شعراء نے تو انتظار کو وصال سے زیادہ پُر لطف کہا ہے۔ راجہ غالب کو کس کا انتظار ہے اور کب سے ہے ذرا یہ اشعار دیکھیں:

صدیوں سے انتظار ہے اُس ایک شخص کا
''آئے ہو کتنی دیر سے'' اتنا کہوں جسے

موسم بدل سکے نہ ترے انتظار کے
اب کے بھی دن گزر گئے یونہی بہار کے

بعض اوقات ایک ہی حرف سے شروع ہونے والے الفاظ کی ترتیب سے فائدہ اٹھاتے ہوئے شاعر نہ صرف خوبصورت صوتی آہنگ پیدا کر لیتے ہیں بلکہ نئے اصطلاحی معانی بھی پیدا کر لیتے ہیں۔ راجہ غالب نے ''خواہش۔ خواب۔ خیال۔ خوشی'' کے الفاظ کو کس خوبصورتی کے ساتھ اپنے اشعار کی لڑی میں پرویا ہے۔ ''رخت ہنر'' میں راجہ غالب کا ہنر ملاحظہ ہو:

خواہش، خواب، خیال، خوشی سب اسکے دیوانے تھے
آنکھ کھلی تو گھر خالی تھا، آنکھ لگی ویرانہ تھا

حیرت کی اگلی وادی میں ایک انوکھا منظر تھا
خواہش، خواب، خیال، خوشی سب دل کے دربان ہوئے

ایک مدت سے عدم برداشت اور فرقہ پرستی کی آگ نے ملک کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ کوئی قصبہ۔ شہر۔ سکول۔ ہوٹل۔ حتیٰ کہ مذہبی مقامات بھی محفوظ نہیں رہے۔ اس صورت حال میں راجہ صاحب کا یہ شعر دعوتِ فکر دے رہا ہے۔

جل اٹھا شہر، گئے آگ لگانے والے
لوٹنے آئے ہیں اب آگ بجھانے والے

غزل کی طرح راجہ غالب احمد نے نظمیں بھی بڑی خوبصورت لکھی ہیں۔ نظم ''نغمہ'' کا یہ شعر پڑھیں:

ہم جوگی ہیں اور جنگل میں خواہش کے دیپ جلاتے ہیں
وہ شہر کی آگ میں جلتا ہے اور کندن بن کے نکلتا ہے

صفحہ نمبر 223 پر لکھی نظم کی آخری سطور کچھ اس طرح ہیں:

بس اب ایک نظر باقی ہے
اب کوئی اور نہ منظر آئے
اس نے آنا ہے تو آئے بے شک
وہ اکیلا میرے گھر پر آئے
اب کوئی اور نہ اندر آئے

قریباً 250 صفحات پر مشتمل ''رخت ہنر'' کو آپ ''کلیات راجہ غالب'' بھی کہہ سکتے ہیں۔ عمدہ کاغذ اور دیدہ زیب ٹائیٹل کے ساتھ ''رخت ہنر'' شعری دنیا میں اچھا اور خوبصورت اضافہ ہے۔ چلتے چلتے ''آخری نظم'' کی آخری تین لائنیں قارئین کی خدمت میں پیش ہیں۔

زمیں پر زندگی کی فصل کاٹی جا چکی ہے
اب کہاں پر بیج بونے کا ارادہ ہے
امید و آرزو کی کشتیاں لے کر کہاں جائیں

(الف۔ن۔ع)

☆☆☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم غلام مصباح بلوچ

رفیق حضرت مسیح موعود

حضرت ڈاکٹر عمر الدین صاحب افریقی آف گجرات

ضلع گجرات کو یہ فخر حاصل ہے کہ اس کے بہت سے باسیوں کو حضرت اقدس مسیح موعود کے زمرۂ رفقاء میں شمولیت کی سعادت حاصل ہوئی، اس خوش قسمت گروہ میں سے ایک نام حضرت ڈاکٹر عمر الدین صاحب کا بھی ہے جو دراصل گولیکی ضلع گجرات کے رہنے والے تھے اور اپنی ملازمت کے سلسلے میں افریقہ میں متعین تھے جہاں آپ کو حضرت اقدس کے دعوے کا پیغام پہنچا اور حضور کے متبعین کی سیرت و اخلاق کو دیکھ کر آپ اپنا دل مسیح وقت کے قدموں میں ڈالے بغیر نہ رہ سکے۔

حضرت ڈاکٹر عمر الدین صاحب ولد مکرم محمد بخش صاحب قوم پسوال مورخہ 28 جولائی 1879ء میں پیدا ہوئے تعلیم حاصل کرنے کے بعد تقریباً 1900ء میں ملازمت کے لیے افریقہ پہنچے جہاں خوش قسمتی سے آپ کو حضرت اقدس کے چند رفقاء کی صحبت نصیب ہوئی جنھیں دیکھ کر آپ بھی بیعت کے لیے تیار ہو گئے اور 30/ جون 1905ء کو افریقہ سے ہی حضرت اقدس کی خدمت میں بیعت کا خط لکھ دیا بعد ازاں 1907ء میں قادیان حاضر ہو کر دستی بیعت و زیارت کا شرف پایا۔ آپ نے اپنی عمر کا بیشتر حصہ افریقہ میں ہی گذارا، علاوہ اپنی ملازمت کے آپ نے جماعتی کاموں میں بھی بڑھ کر حصہ لیا آپ کو نیروبی (کینیا) میں بطور محاسب، سیکرٹری وصایا، سیکرٹری ضیافت، ممبر انتظامیہ کمیٹی اور پریذیڈنٹ مختلف شعبوں میں خدمت کی توفیق ملی۔

1939ء میں آپ نے اپنی قبول احمدیت کی داستان بیان کرتے ہوئے فرمایا:

”....میں اس ملک (کینیا۔ناقل) میں 1900ء فروری میں ڈاکٹر رحمت علی صاحب، صوفی نبی بخش صاحب اکونٹنٹ اور ڈاکٹر بشارت احمد صاحب کے زمانہ وغیرہ میں آیا، ڈاکٹر رحمت علی صاحب کے اخلاق فاضلہ، شفقت اور ہمدردی کو دیکھ کر کثرت سے لوگ سلسلہ حقہ احمدیہ میں شامل ہوتے دیکھے، یہی پہلا موقعہ تھا جب اس ہادی زمانہ کے پیغام کی آواز میرے کانوں نے سنی۔

میں نے اپنی قسمت کے مقدمہ کو بارگاہ ایزدی میں پیش کر دیا اور نہایت تضرع، ہمت اور استقلال سے ہر روز تہجد میں دعا مانگنی شروع کر دی کہ اے میرے پیارے رب اور غیب کے جاننے والے خدا! میری فریاد سن اور میری راہبری کر اور مجھے اس راستہ پر چلا جو تیرے علم میں صحیح ہو تا کہ میں کہیں راہ ہدایت سے دور نہ پھینکا جاؤں کیونکہ میں خود تو عاجز، کمزور، گنہگار اور کم علم ہوں وغیرہ۔ پس میرے مولیٰ نے میری فریاد سن لی اور سچی خوابوں کا سلسلہ شروع ہو گیا پھر مجھے نہایت صفائی سے دو خوابیں دکھلائی گئیں جن کی بناء پر میں نے کریگوسٹیشن سے جو کسمو ضلع میں واقع ہے اور جرمن ایسٹ افریقہ کی سرحد پر ہے اور جہاں کے ہسپتال کا میں انچارج تھا۔ مورخہ 30 جون 1905ء کو بذریعہ خط خدا کے پیارے محبوب کی بیعت کی۔ پھر کیا تھا عبادت میں وہ لطف آنا شروع ہوا جو میرے وہم وگمان میں نہ تھا کیونکہ فرشتوں کے نزول کا زمانہ تھا اور ہر ڈاک میں پیارے مسیح موعود پر تازہ وحی ہوتی اور پوری ہوتی سنی جاتی تھی اور دل ہر وقت حضرت اقدس کی ملاقات کے لیے تڑپتا رہتا تھا اور حد سے بڑھ کر بے قراری بڑھنی شروع ہو گئی، خدا خدا کر کے میری رخصت کا وقت قریب پہنچا خدا نے میرے پیارے مسیح کے نذرانہ کی تحریک میرے دل میں ڈالی میں نے چار شترمرغ کے انڈے لے جانے کے لیے دل میں فیصلہ کیا مجھے ان کے حاصل کرنے کے اور پرمٹ لینے کے لیے جرمن پورٹ سے کوشش کرنی پڑی کیونکہ ایسٹ افریقہ سے اجازت نہ دی جاتی تھی۔

اکتوبر 1907ء کو میں اپنے وطن کو روانہ ہوا، گجرات پہنچنے پر میں نے اپنے والد صاحب (مرحوم) و بھائی صاحب (مرحوم) کو سلسلہ احمدیہ کا سخت مخالف پایا جن کے لیے ہر نماز میں رو رو کر دعائیں مانگتا رہا، خدا نے میری مدد کی اور میرے والد صاحب بمعہ چند اور دوستوں کے جلسہ سالانہ پر جانے کے لیے راضی ہو گئے۔ 1907ء کے جلسہ سالانہ پر اپنی گجرات کی جماعت کے ساتھ ہم قادیان شریف کی پیاری بستی میں جا پہنچے، میں نے قادیان پہنچتے ہی عجیب نظارہ دیکھا کہ سب جماعتیں اور بڑی بڑی بزرگ ہستی کے احباب حضرت اقدس کی ملاقات کے لیے سخت بے قرار اور ترس رہے ہیں اور ملاقاتوں کے لیے سرتوڑ کوشش کر رہے ہیں، میری حیرت اور فکر کی انتہا نہ رہی کیونکہ میں ایک مسافر کی حیثیت میں ایک دور دراز ملک سے تھوڑے عرصہ کے لیے گیا تھا اور ملاقات کے لیے دو سال سے تڑپ رہا تھا اور یہ میری دلی آرزو تھی کہ حضرت اقدس کی ملاقات کا موقعہ تنہائی میں میسر آئے جو بات بنتی نظر نہ آتی تھی۔

ہماری جماعت احمدیہ گجرات لنگر خانہ میں کھانا کھانے میں مصروف تھی اور میں ملاقات کی فکر میں ادھر ادھر ہاتھ پاؤں مارتے ہوئے (بیت) مبارک کے نیچے کی گلی سے گزر رہا تھا کہ ایک بھائی کو اس رستہ سے گزرتے ہوئے دیکھ کر میں نے پوچھا کہ میں دور دراز ملک سے آیا ہوں اور چاہتا ہوں کہ حضرت اقدس سے تنہائی میں ملاقات ہو جاوے آپ مجھے کوئی طریقہ بتا دیں۔ انھوں نے فرمایا اس دروازہ میں ایک مائی بوڑھی حضرت اقدس کی خادمہ اکثر آتی جاتی ہے اس سے کہیں، ابھی یہ بات ہو رہی تھی کہ وہ خادمہ نظر آ گئی میں نے بھاگ کر کہا کہ مائی جی میں بہت دور دراز ملک سے آیا ہوں اور حضرت اقدس کی تنہائی میں ملاقات کا اشتیاق ہے مہربانی ہو گی اگر حضور کی خدمت میں مجھ مسافر کا پیغام پہنچا دیویں! مائی صاحبہ نے نہایت شفقت اور خوشی سے کہا کہ ذرا ٹھہرو میں آتی ہوں، وہ جاتے ہی واپس آ گئی اور خوشخبری سنائی کہ میری مراد پوری ہو گئی حضرت اقدس نے فرمایا اوپر آ جائیں، میں جھٹ بھاگ کر اپنے والد صاحب (مرحوم) کو بمعہ دوسرے چند غیر احمدی دوستوں کے جو میں ہمراہ لایا تھا بلا کر لے آیا جونہی ہم اوپر گئے ایک صحن میں کھڑے ہی ہوئے تھے کہ کھڑکی کا دروازہ کھلا اور حضرت اقدس نے باہر آتے ہی سلام کہا، افسوس ہم کو پہلے سلام کہنے کا موقعہ نصیب نہ ہوا، میرے والد شریف (مرحوم) باوجود مخالف ہونے کے حضور کے قدموں پر گر پڑے حضور نے از راہ کرم اپنے دست مبارک سے ان کو سر اٹھا کر کہا کہ سجدہ کے لائق ذات باری ہی ہے۔ پھر اس عاجز نے شترمرغ کے چار انڈے بطور نذرانہ پیش کیے حضور نے از راہ کرم منظور فرمائے اور نہایت شفقت اور محبت سے میرے افریقہ رہنے اور سفر وغیرہ کے حالات دریافت کیے اور میرا ہاتھ اپنے دست مبارک میں لے کر فرمایا کہ اس دنیا میں دل نہیں لگانا چاہئے اور یہ کہ اپنے آپ کو اس مسافر کی حیثیت میں سمجھنا چاہئے جیسے کوئی مسافر خانہ میں ٹکٹ لے کر گاڑی کا انتظار کر رہا ہو اور مجھے کثرت سے استغفار پڑھنے کے لیے حضور نے تاکید فرمائی اور فرمایا کہ باقاعدگی سے خطوں میں دعا کے لیے لکھتا رہا کروں۔ پھر حضور نے میرے والد شریف کی بمعہ دو تین اور غیر احمدیوں کے جو میں ہمراہ لے گیا ہوا تھا بیعت لی اور....دل سے ہمارے لیے دعا فرمائی....ہمارے لیے آنسوؤں کو روکنا مشکل ہو گیا دل اس قدر نرم اور گداز ہو گیا کہ آج دن تک بھی حضور کے دست مبارک میں ہاتھ دینا، حضور کا نورانی چہرہ دیکھنا....اور مجھ عاجز، کمزور، گنہگار کے لیے ہدایت استغفار کرنا اور بار بار دعا کے لیے لکھنے کی ہدایت کرنا جب یاد آتا ہے تو طبیعت پر بجلی سا اثر ہو کر آنسوؤں کا تار بندھ جاتا ہے۔

وہ کیسا مبارک زمانہ تھا مخالفت کے زبردست پہاڑ، سمندری طوفان خدا کے پیارے......کی دعاؤں سے اڑنے کا نظارہ اپنی آنکھوں سے دیکھنا اور اشد ترین دشمن کو مقابلہ پر آنے سے لرزاں دیکھا۔ غیروں کے علماء وفضلاء تو درکنار سلسلہ حقہ کے عالموں کا علم بھی اس چودھویں کے چاند تلے اندھیرے کا کام دے رہا تھا اور کسی کو کسی مسئلہ پر حضور کی موجودگی میں دم مارنے کی جرأت نہ ہوتی تھی۔

الغرض بیعت کی دعا کے بعد حضور نے مصافحہ سے سرفراز فرمایا اور اجازت دے دی، جب جماعت احمدیہ گجرات کے احباب نے معہ اخویم نواب خان صاحب تحصیلدار میری اس ملاقات کا ذکر سنا تو رشک سے کہنے لگے کہ ہم کو کیوں ساتھ نہ لے گئے۔

حضرت اقدس کی تقریر (بیت) اقصیٰ میں سورۃ فاتحہ پر سننے کا فخر حاصل ہوا، حضور نے چار صفات الٰہیہ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا کہ عرش معلّٰی تو ایک وراء الوراء مقام کا نام ہے اور یہی چار صفات الٰہیہ ہیں جو عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں۔ اس موقعہ پر حضور نے فرمایا کہ آپ سب لوگ میرے رب کی طرف سے ایک ایک نشان ہیں کیونکہ میرے رب نے مجھے الہاماً فرمایا تھا کہ دور دور سے لوگ تحفہ تحائف لے کر آئیں گے پس آپ خود غور کریں کہ کہاں کہاں سے آپ لوگ آئے ہیں میں نے جب غور کیا تو پیارے......کے اس الہام کو اپنے وجود پر ثابت ہوتے پایا کیونکہ میں بھی اس دور دراز ملک سے نذرانہ لے کر حاضر ہوا تھا۔ حضور نے دوران تقریر میں ہاتھ اٹھا کر ارد گرد کے چھتوں پر بیٹھے لوگوں کی طرف جن میں......مستورات بھی تھیں فرمایا (غالباً وہ ڈپٹیوں کے مکانوں کی چھت تھی جو اب خدا کے فضل سے صدر انجمن کے قبضہ میں ہے) ان لوگوں سے پوچھو کہ کیا میرے رب نے مجھے پیش از وقت اطلاع نہ دی تھی کہ لوگ جوق در جوق آئیں گے، اس پر کئی مردوں اور عورتوں کو سر ہلاتے دیکھا کہ ہاں یہ سچ کہتے ہیں۔

شاید اسی دن ہمارے کانوں میں آواز پہنچی کہ پچھلے پہر حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کی تقریر سکول کے صحن میں ہو گی ہم بھاگے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی تقریر سننے کے لیے جن کی عمر اس وقت شاید 16 یا 17 سال کی تھی سکول کے صحن میں جمع ہو گئے، حضرت خلیفۃ المسیح اول کی زیر صدارت حضرت صاحبزادہ صاحب کی یہ تقریر تھی جو ہم نے سنی، یہ پر لطف اور پُر تاثیر تقریر حقائق اور معارف کا خزانہ تھی اور اس قدر دینی جوش اور ولولہ سے کی گئی تھی کہ سامعین پر اس سحر بیانی کا اس قدر گہرا اثر تھا کہ یہاں سے باہر حضرت خلیفۃ المسیح اول نے حضرت صاحبزادہ صاحب کو نہایت محبت اور پیار سے ہٹاتے ہوئے اپنی خوشنودی کا اظہار بہت سے تعریفی الفاظ میں کیا۔

ایک اور امر واقع کا اظہار بھی ضروری ہے کہ 1907ء کے جلسہ سالانہ پر گو احباب کی آج کل کی طرح کثرت نہ تھی مگر مخلصین پروانہ وار اپنے عشق محبت اور جوش کا اظہار قادیان کے بازار، گلی کوچوں میں اپنی دوڑ دھوپ سے کر رہے تھے کیونکہ کئی دفعہ ایسا ہوتا تھا کہ خبر سنی گئی کہ حضرت اقدس باغ کی طرف نکلے ہیں احباب ملاقات اور مصافحہ میں نمبر اول پر رہنے کے لیے اس طرف دوڑ نکلے اور جب اس طرف سے معلوم ہوا کہ حضور ریتی چھلہ کی طرف گئے، پھر بازار سے اس طرف دوڑنا شروع کر دیا اس دوڑ دھوپ کے دیکھنے سے بازار سے میں نے کئی دفعہ مخالفین کی یہ آواز سنی کہ لوگ واقعی پروانوں کی طرح جان فدا کرتے ہیں

اور یہ کہ ہر بات درست نکلی۔ پھر حضرت اقدس ریتی چھلہ میں بڑ کے درخت تلے کھڑے ہوگئے اور مصافحہ کرنا شروع کیا۔

مجھے تو حضرت اقدس کے ساتھ مصافحہ کی اس قدر پیاس تھی کہ کئی دفعہ ہجوم کی لاتوں سے گزر کر مصافحہ کرتا رہتا پھر بھی طبیعت سیر نہ ہوتی۔ یہ جو کچھ میرے پیارے آقا کے زمانہ کی بابت یاد رہا عرض کیا گیا ہے اگر کوئی بات ادھر ادھر ہوگئی ہو تو خداوند کریم سے التجا ہے کہ وہ مجھے بخش دیوے، آمین۔''

(رجسٹر روایات رفقاء نمبر 1 صفحہ 178-184)

جیسا کہ ذکر ہوا ہے آپ نے اپنی ساری زندگی افریقہ ہی میں گزاری وہاں سے ریٹائر ہونے کے بعد واپس اپنے وطن آئے۔ آپ نے تین شادیاں کیں، ایک بیوی نے 1918ء میں وفات پائی۔

(الفضل 28 دسمبر 1918ء صفحہ 2 کالم 3)

ایک شادی محترمہ مبارکہ بیگم صاحبہ بنت حضرت مرزا امیر الدین صاحب احمدی آف گجرات کے ساتھ ہوئی ان کی وفات پر اعلان وفات دیتے ہوئے آپ نے لکھا:

''میری اہلیہ مسماۃ مبارکہ بیگم بنت مرزا امیر الدین صاحب احمدی سکنہ گجرات 7 جون 1928ء بوقت ...شام ایک لڑکی پیدا ہونے کے بعد صدمہ کی وجہ سے اس جہان فانی سے رحلت فرما گئی ہیں۔ مرحومہ کی پانچ چھوٹی چھوٹی لڑکیاں ہیں.... مرحومہ ایک نہایت مخلص احمدی اور فدائے دین تھی...''

(الفضل 31 جولائی 1928ء صفحہ 2 کالم 3)

ڈاکٹر صاحب نے مورخہ 24 جولائی 1950ء کو وفات پائی آپ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے (وصیت نمبر 2898) خبر وفات دیتے ہوئے محترم ملک عبدالرحمٰن خادم صاحب امیر جماعت احمدیہ گجرات نے لکھا:

''یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ سنی جائے گی کہ حضرت ڈاکٹر عمر الدین صاحب (افریقی) مورخہ 24 جولائی 1950ء کو گجرات میں بعمر 74 سال وفات پا گئے۔...... حضرت ڈاکٹر صاحب مرحوم حضرت مسیح موعود کے (رفیق) تھے اور سلسلہ کے ایک نہایت مخلص اور کار آمد وجود تھے، عمر کا زیادہ حصہ نیروبی (ایسٹ افریقہ) میں میڈیکل ڈیپارٹمنٹ میں گزارا وہاں سے پنشن پا کر اپنے وطن مالوف گجرات آ گئے تھے اور یہیں پر وفات پائی۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور ان کے اہل و عیال کو ان کے قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔''

(الفضل 17/اگست 1950ء صفحہ 3)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

پچھلی راتوں کو اٹھو اور خدا تعالیٰ سے رو رو کر ہدایت چاہو۔

(آئینہ کمالات اسلام روحانی خزائن جلد 5 صفحہ 54)

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی سال کے سلسلہ میں کانگو کنشاسا میں ریجنل جلسہ ہائے سالانہ

رپورٹ: مکرم نعیم احمد باجوہ صاحب مربی سلسلہ

جلسہ سالانہ Kasai Occidental

صوبہ کسائی اکسی ڈینٹل (Kasai Occidental) کانگو کنشاسا کے وسطی صوبوں میں سے ایک ہے۔ اس علاقہ میں جماعت کی ابتدا بہت پہلے ہوگئی تھی تاہم اکتوبر 2004ء میں پہلی دفعہ باقاعدہ مشن کھولا گیا۔ اس صوبہ کا ہیڈ کوارٹر Kananga شہر ہے۔ اسی شہر میں اس علاقے کا پہلا جلسہ سالانہ 24/فروری 2008ء کو منعقد ہوا۔ اس وقت اس صوبے میں الحمدللہ پچاس سے زائد جماعتیں قائم ہیں۔

جلسہ سے ایک روز قبل مکرم امیر صاحب نے جلسہ کی ڈیوٹیوں کا افتتاح فرمایا۔ اس جلسہ کے لئے جماعتی وفود دور دور سے کئی کئی دن پیدل چل کر پہنچے۔ ایک صاحب ایسے بھی تھے جو چار سو کلومیٹر کا سفر پیدل طے کر کے آئے۔

پہلا سیشن

جلسہ سالانہ کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور حضرت اقدس مسیح موعود کے منظوم کلام سے ہوا جن کا فرنچ ترجمہ پیش کیا گیا۔ افتتاحی خطاب میں مکرم امیر صاحب نے جلسہ سالانہ کی غرض و غایت اور اہمیت پر روشنی ڈالی۔ تقریر کے بعد افتتاحی دعا کروائی۔

اس کے بعد ''جماعت احمدیہ کا تعارف''، ''برکات خلافت'' اور'' صداقت حضرت اقدس مسیح موعود'' کے موضوعات پر تقاریر ہوئیں۔ پہلے سیشن کے اختتام پر نماز ظہر و عصر باجماعت ادا کی گئیں۔

اختتامی سیشن

بعد دوپہر دوسرا اور اختتامی سیشن شروع ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد حضرت اقدس مسیح موعود کے عربی قصیدہ کے چند اشعار ایک طفل نے پیش کئے جس کے بعد ان کا فرنچ ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔

اس کے بعد دو تقاریر ''سیرت النبی ﷺ'' اور ''دین حق امن کا مذہب ہے'' کے موضوعات پر ہوئیں۔ جس کے بعد مکرم امیر صاحب نے خلافت احمدیہ جوبلی کے حوالے سے اختتامی خطاب کیا اور جماعت کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔

مجلس سوال وجواب

اختتامی دعا سے قبل مجلس سوال و جواب منعقد ہوئی مکرم امیر صاحب نے سوالوں کے جوابات دئے۔

جلسہ کے اختتام پر تمام حاضرین کو کھانا پیش کیا گیا۔ امسال حاضری اللہ کے فضل سے 600 رہی۔ جن کے علاوہ 25 سے زائد مہمان بھی شامل تھے تمام مہمانوں نے جلسہ کے حسن انتظام اور نظم و ضبط کو بہت پسند کیا۔ جلسہ گاہ خلافت جوبلی کے سلسلہ میں مختلف بینرز سے سجایا گیا تھا۔

میڈیا پر کوریج

جلسہ کے پروگرام کو دو مختلف ریڈیو اور نیشنل ٹی وی نے مختلف اوقات میں نشر کیا۔ جلسہ کے مہمانوں کو جو دور دراز سے آئے تھے ایک جگہ ٹھہرایا گیا۔ اس مقصد کے لئے ایک بڑا احاطہ کرایہ پر لیا گیا جس میں ایک بڑا ہال تھا۔ لوگوں کے اکٹھے رہائش پذیر ہونے کی وجہ سے جلسہ کا خاص سماں پیدا ہوا۔

جلسہ سالانہ Kasai Oriental

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے جلسہ جات کے سلسلہ میں جماعت احمدیہ Kasai Oriental کو بھی یکم مارچ 2008ء کو جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ یہ جلسہ بھی اس علاقہ کا پہلا جلسہ سالانہ تھا۔

Kasai Oriental کانگو کنشاسا کے وسط میں واقع ہے۔ یہاں جماعت 80ء کی دہائی میں بنی تھی۔ لیکن بعد کے ملکی حالات کی وجہ سے رابطہ قائم نہ رہ سکا۔ 2006ء میں جماعت کو دوبارہ منظّم کرنا شروع کیا گیا۔ اس وقت اس صوبہ میں پانچ جماعتیں ہیں اور جماعت کا قدم ترقی کی طرف ہے۔

ایک ماہ قبل جلسہ کی تاریخوں کا اعلان کیا گیا اور دو ہفتہ قبل جلسہ کی انتظامیہ بنائی گئی اور کام شروع کیا گیا۔ جلسہ سے دو دن قبل ہی احباب جماعت جلسہ کے لئے آنا شروع ہوگئے۔ یہ جلسہ اس صوبہ کے صدر مقام Mbouti-Mayi میں کیا گیا تھا۔

جلسہ کے انعقاد سے ایک روز قبل جمعہ 29 فروری کو جلسہ کی ڈیوٹیوں کا افتتاح کیا گیا۔ مکرم امیر صاحب نے کارکنوں سے خطاب کیا اور ہدایات سے نوازا۔

افتتاحی اجلاس

اس جلسہ کا افتتاحی اجلاس یکم مارچ 2008ء کو تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ پھر حضرت اقدس مسیح موعود کا منظوم کلام پیش کیا گیا۔ اس کے بعد مکرم امیر صاحب نے اپنے افتتاحی خطاب میں جلسہ سالانہ کی اہمیت اور غرض و غایت پر روشنی ڈالی اور حضرت اقدس کے ارشادات جلسہ کے بارہ میں پڑھ کر سنائے۔ خطاب کے بعد مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی اور اس کے بعد تقاریر کا سلسلہ شروع ہوا۔

پہلی تقریر ''برکات خلافت'' کے موضوع پر ہوئی جس میں قرآن مجید اور احادیث کے حوالے سے خلافت کی برکات پر روشنی ڈالی۔ دوسری تقریر میں جماعت احمدیہ کا تعارف پیش کیا گیا اور تیسری اور آخری تقریر میں حضرت مسیح موعود کی صداقت پر روشنی ڈالی گئی۔ پہلے سیشن کے اختتام پر نماز ظہر و عصر ادا کی گئی۔

اختتامی اجلاس

نمازوں کی ادائیگی کے بعد دوسرا اور اختتامی اجلاس شروع ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد پہلی تقریر مکرم مصطفیٰ صاحب نے سیرت النبیؐ کے موضوع پر کی۔ دوسری تقریر "دین حق رواداری اور امن کا مذہب ہے" کے موضوع پر ہوئی۔

اختتامی خطاب مکرم امیر صاحب کانگو کنشاسا نے کیا۔ آپ نے خلافت کو موضوع بنایا۔ خلافت کی اہمیت و برکات پر روشنی ڈالی اور خلافت احمدیہ کے متعلق احمدیوں کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ دعا کے ساتھ اس جلسہ کا اختتام ہوا۔

اس جلسہ میں 35 سے زائد غیر از جماعت مہمانوں نے شرکت کی جن میں گورنر کے نمائندے اور صوبائی مشیر برائے وزارت داخلہ اور دیگر سرکاری عہدیداران شامل تھے۔ مختلف مذہبی جماعتوں کے لوگ بھی تشریف لائے۔ یہ اس جماعت کا پہلا جلسہ سالانہ تھا جس میں 215 افراد حاضر ہوئے۔

جلسہ کے لئے ایک ہال کرایہ پر لیا گیا جس کو خلافت جوبلی کی مناسبت سے سجایا گیا۔ غیر از جماعت احباب نے اس جلسہ کے انتظام کو بہت سراہا اور بتایا کہ پہلی دفعہ ہمیں دین حق کی تعلیمات سننے کا موقع ملا۔

قارئین کرام سے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس علاقہ کو بھی غیر معمولی ترقی دے اور ہماری ان حقیر کوششوں میں بہت برکت ڈالے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 18۔اپریل 2008ء)

ناقابل فراموش

نظاروں والی عمارت

شنگھائی چین میں واقع یہ عمارت 1916ء میں تعمیر ہوئی۔ اسے امریکی ماہرین نے تعمیر کیا۔ یہاں اوپر چار عدد بلڈنگیں آپس میں جڑی ہیں جبکہ نیچے دریا بہہ رہے ہیں۔ 21ویں صدی میں یہاں ماڈرن ڈے منایا جاتا ہے۔ یہ خوشی کے موقعوں کے لئے خاص مقام ہے۔ یہاں آنے والوں کو 8 اور 2 سیٹوں کا پرائیویٹ چیمبر مل سکتا ہے۔ سیاحوں کو یہاں ہر طرح کی من پسند ڈشیں کھانے کو مل جاتی ہیں۔

قائد اشاعت مجلس انصار اللہ برطانیہ

مجلس انصار اللہ برطانیہ کا ریفریشر کورس

مجلس انصار اللہ برطانیہ نے عہدیداران کیلئے مورخہ 19-20 جنوری 2008ء کو بیت الفتوح مورڈن میں ایک ریفریشر کورس کا انعقاد کیا۔ گزشتہ سال یہ ریفریشر کورس ریجنز کی سطح پر منعقد کئے گئے تھے اور نیشنل مجلس عاملہ کے اراکین نے ریجنز میں جا کر اپنے اپنے شعبہ جات کے بارہ میں زعماء اور مقامی مجالس عاملہ کو آگاہ کرنے کی کوشش کی تھی جس کے لئے عموماً تین چار ماہ کا عرصہ درکار ہوتا ہے۔

اس سال یہ پروگرام ایک منفرد انداز میں ترتیب دیا گیا اور تمام عہدیداران کو مرکز میں مدعو کر کے ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ یہ سال خلافت جوبلی کا سال ہے جس میں سال بھر نہایت ہی اہم پروگرام ہونگے، ان پروگراموں کی تیاری اور سال کے آغاز میں ہی تمام عہدیداران کو آگاہ کرنے کے لئے یہ پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس کورس کے ذریعہ یہ کوشش بھی کی گئی کہ سال کے شروع ہی میں مقامی عاملہ کو ان کے شعبہ جات میں بہتر کارکردگی حاصل کرنے کے لئے نہ صرف کام کرنے کے طریقہ کار سے آگاہ کیا جائے بلکہ انہیں اس ضمن میں لائحہ عمل کے بارے میں بھی بتایا جائے۔ اس کے علاوہ ریجنل ناظمین اور زعما مجالس کو ایک مضبوط عاملہ اور ٹیم ورک کے ذریعہ تمام شعبہ جات میں کارکردگی کو بہتر کرنے کے لئے راہنمائی کی گئی۔

یہ پروگرام ہر لحاظ سے بڑا کامیاب رہا۔ مجلس کے تمام 12 ریجنز سے نمائندے شامل ہوئے اور 85 میں سے 78 مجالس کے عہدیداران نے اس پروگرام میں شمولیت کی۔ گزشتہ سال جب یہ پروگرام ریجنز کی سطح پر منعقد ہوئے تھے تو اس میں کل 368 عہدیداران نے حصہ لیا تھا اور امسال ملک کے طول وعرض سے سفر کر کے 387 عہدیداران مرکز میں آئے اور اس پروگرام میں شامل ہوئے۔

مورخہ 19 جنوری 2008ء کو صبح دس بجے محترم ولید احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ برطانیہ کی صدارت میں تلاوت قرآن کریم اور اس کے ترجمہ سے اس پروگرام کا آغاز ہوا۔

انصار اللہ کا عہد دہرانے کے بعد محترم صدر صاحب نے اپنی افتتاحی تقریر میں حاضرین کو اس ریفریشر کورس کے اغراض ومقاصد سے آگاہ فرمایا۔ اس کے بعد مکرم مولانا عطاء المجیب راشد صاحب امام بیت الفضل لندن نے ''خدا تعالیٰ کی راہ میں قربانیاں'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ اس خطاب کے بعد دعا سے اس پہلے سیشن کا اختتام ہوا۔

پہلے سیشن کے بعد چار شعبہ جات عمومی، تربیت، اشاعت اور تجنید کے قائدین نے اپنے اپنے شعبہ میں امسال ہونے والے پروگراموں اور ان کے لئے لائحہ عمل بیان کیا۔ اس موقع پر حاضرین کے سوالات کے قائدین نے جوابات بھی دیئے۔

بعد نماز ظہر وعصر سابق صدر انصار اللہ برطانیہ مکرم چوہدری وسیم احمد صاحب کے اعزاز میں الوداعی ظہرانہ دیا گیا۔ اس موقع پر امیر جماعت احمدیہ یوکے محترم رفیق احمد حیات صاحب کی صدارت میں ایک مختصر تقریب بھی منعقد کی گئی جس میں صدر انصار اللہ محترم ولید احمد صاحب اور محترم امیر صاحب نے محترم چوہدری وسیم احمد صاحب کی بطور صدر انصار اللہ، خدمات کو سراہا اور ان کے عرصہ صدارت میں مجلس کے لئے ہونے والی ترقی اور کامیابیوں کا تذکرہ کیا۔ اس تقریب میں جماعت احمدیہ برطانیہ کے سینئر عہدیداران کے علاوہ جماعت کے مرکزی وکلاء اور بزرگان بھی شریک ہوئے۔

اس ریفریشر کورس کے دوران عہدیداران کے لئے چند مفید پروگرام ترتیب دئے گئے تھے اور ان کے لئے ہمارے احمدی ماہرین نے فراخ دلی سے وقت دیا اور تشریف لا کر بہت ہی قیمتی معلومات مہیا کیں۔ اس سلسلے میں دوپہر کے کھانے کے بعد تین مختلف ورکشاپس کا انعقاد ہوا جن میں وقت کے بہتر استعمال (Time Management) مرکز اور انصار سے بھرپور اور مکمل رابطے کی صلاحیت (Communication Skills and Motivation) اور ایک مضبوط زعامت کے عناوین پر مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اسی طرح شعبہ مال، تعلیم، صحت جسمانی، تعلیم القرآن، ایثار، دعوت الی اللہ، تحریک جدید، وقف جدید کے سیشن بھی منعقد کئے گئے جن میں شرکاء نے مقررین کے ساتھ ان شعبہ جات کے کاموں کے متعلق تبادلہ خیال کیا۔ زعماء، نائب زعماء ریجنل ناظمین اور ان کے نائبین کے لئے بھی ایک سیشن منعقد ہوا جس میں مقامی عاملہ بنانے اور ماہانہ پروگرامز کے بارے میں بتایا گیا۔

دوسرے دن بھی مختلف شعبہ جات کے یہ سیشن جاری رہے۔ اس کے علاوہ تمام شعبہ جات کے سٹالز طاہر ہال میں لگائے گئے تھے جن پر قائدین یا ان کے نائبین ہمہ وقت موجود تھے اس طرح زعماء اور ان کی عاملہ کے اراکین کے لئے انفرادی طور پر بھی ہر قسم کی راہنمائی اور ان کے مسائل کو حل کرنے کے مواقع مہیا کئے گئے تھے۔

ریفریشر کورس کے دوسرے دن محترم صدر صاحب انصار اللہ کی زیر صدارت ایک اجلاس میں امسال کے اہم پروگرام چیئریٹی واک اور سالانہ اجتماع کے بارے میں تفصیل سے شرکاء پروگرام کو آگاہ کیا گیا۔ اس اجلاس میں مکرم مولانا نصیر احمد قمر صاحب ایڈیشنل وکیل الاشاعت نے حقوق العباد کے موضوع پر تقریر فرمائی۔ آپ نے قرآن مجید، احادیث نبوی ﷺ اور حضرت مسیح موعود کی تحریرات کے حوالہ سے بہت ہی دلنشیں انداز میں اس موضوع پر روشنی ڈالی۔

اس ریفریشر کورس کے اختتامی اجلاس میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت تشریف لا کر بنفسِ نفیس شرکت فرمائی۔ تلاوت قرآن کریم اور اس کے ترجمہ کے بعد محترم صدر صاحب انصار اللہ نے ریفریشر کورس کی مختصر رپورٹ پیش کی۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ نے انصار سے خطاب فرمایا۔

خطاب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ

حضور انور ایدہ اللہ نے تشہد وتعوذ کی تلاوت کے بعد فرمایا کہ ریفریشر کورسز میں عموماً اتنی فارمل (Formal) تقریریں یا ایڈریس تو نہیں ہوتا اور میرا بھی خیال تھا کہ یہاں جو رپورٹ ہوگی ذرا تفصیل سے ہوگی اور میں دیکھوں گا کہ کس حد تک انصار اللہ مختلف اپنی اپنی زعامتوں میں جو ان کے سپرد کام ہیں ان کو سرانجام دے رہی ہے۔

حضور نے فرمایا کہ انصار اللہ کی تنظیم کے بارہ میں عموماً یہ تاثر ہوتا ہے، اور یہ آج کا نہیں بڑا پرانا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرمایا کرتے تھے کہ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ جب ایک خادم انصار اللہ کی تنظیم میں قدم رکھتا ہے یعنی 40 سال کے اوپر بڑھتا ہے تو وہ ایک دم سُست کیوں ہو جاتا ہے۔ حالانکہ ایک دن کا عمر کا فرق پڑا ہوتا ہے۔ تو انصار اللہ کا نام بھی اسی سوچ کے ساتھ رکھا گیا تھا کہ یہ نہ سمجھیں کہ آپ اب بوڑھے ہوگئے ہیں۔ اللہ کے انصار بننے والے یہ سوچ نہیں رکھتے۔

حضور نے فرمایا کہ عموماً میں نے دیکھا ہے اللہ کے فضل سے یوکے میں انصار کی بہت تعداد ایسی ہے جو اس سوچ کے رکھنے والے نہیں ہیں لیکن پھر بھی میں کہتا ہوں کہ وہ اتنے Active نہیں جتنا ہونا چاہئے۔ اگر انصار اللہ کی تنظیم مستعد ہو جائے تو جس طرح میں مختلف خطبات میں انصار اللہ کو توجہ دلاتا رہا ہوں کہ نمازوں کی ذمہ داری سنبھالیں۔ اپنی نمازوں کی حفاظت کریں اور اپنے گھروں کی نمازوں کی بھی حفاظت کریں۔ اور گھروں کی نمازوں کی حفاظت یہی ہے کہ اپنے بچوں کو دیکھیں، خاص طور پر لڑکوں کو جو خدام کی عمر کو پہنچے ہیں۔

حضور نے فرمایا کہ اگرچہ خدام الاحمدیہ بھی اس طرف توجہ کر رہی ہے لیکن اگر انصار والدین ان کی نگرانی نہیں کریں گے تو اس کا اتنا اثر نہیں ہوگا۔ اس لئے ساری تنظیمیں جو بنائی گئی ہیں ان کا مقصد یہ تھا کہ ہر تنظیم اپنی اپنی ذمہ داری سمجھے۔ اگر لجنہ میں کمی ہے تو انصار سے پوری ہو، اگر انصار میں کمی ہے تو خدام سے پوری ہو، خدام کی کمی ہے تو انصار پوری کریں۔ ایک دوسرے کی مدد کر رہے ہوں اور جب پھر جماعتی طور پر کمزوری ہے تو ذیلی تنظیمیں اس کو پورا کر رہی ہوں۔ حضرت مصلح موعود فرمایا کرتے تھے کہ اگر ذیلی تنظیمیں اور جماعتی نظام Active ہو جائے تو ہمارے جو ترقی کے قدم ہیں وہ کئی گنا بڑھ جائیں۔

حضور نے فرمایا کہ بچوں کی نگرانی کرنا انصار کی بھی ذمہ داری ہے۔ پھر قرآن کریم کی تلاوت ہے۔ قرآن کریم کا پڑھنا، پڑھانا۔ یہ انصار اللہ کی ذمہ داری ہے۔ اس بارہ میں خطبے میں مَیں تفصیل سے بتا چکا ہوں۔ دو سال پہلے آپ نے اس کا پروگرام بھی بنایا تھا۔ پروگرام تو بڑا اچھا بنا تھا مجھے نہیں پتہ کس حد تک اس پر عمل ہو رہا ہے۔ قرآن کریم پڑھانے کا انٹرنیٹ کے ذریعہ سے ایک نظام بھی شروع کروایا تھا وہ بھی جاری رہنا چاہئے لیکن اس میں بھی جو شرکت ہے وہ بہت کم ہے۔ پھر اس کے علاوہ آمنے سامنے بیٹھ کے جو کلاسیں لگتی ہیں وہ مجالس میں لگنی چاہئیں، گھروں میں لگنی چاہئیں۔ پھر آپ انصار میں بہت سے ایسے ہیں جو اردو پڑھنا جانتے ہیں۔ حضرت اقدس مسیح موعود کی کتب کے اقتباسات کا درس اگر گھروں میں دینا شروع کر دیں تو آپ لوگوں کے بچوں کو پتہ لگے کہ حضرت مسیح موعود کی تعلیم کیا تھی؟ کیا روح وہ ہم میں پیدا کرنا چاہتے تھے اور کس طرح ہم نے اپنی آئندہ نسلوں کی تربیت کرنی ہے۔

حضور نے فرمایا کہ ایک تو بیت میں درس ہوتا ہے یا نماز سنٹر میں درس ہوتا ہے، لیکن بہت سے ایسے ہیں جو فاصلے کی وجہ سے بیت نہیں جا سکتے یا باقاعدگی سے نہیں جا سکتے۔ اگر پانچ سات منٹ کا درس کا نظام گھروں میں شروع ہو جائے تو اس کا بہت فائدہ ہوگا۔ جو اردو پڑھنا نہیں جانتے انگلش پڑھنے والے ہیں وہ...... Essence Of سے ایک پیرا یا چند لائنیں اپنے اپنے گھروں میں درس دیں۔ اقتباسات پڑھ کر سنائیں۔ مختلف عنوانات کے تحت پڑھ کر سنائیں تو ایک شوق پیدا ہوگا۔

حضور نے فرمایا کہ بعض دفعہ مثلاً لجنہ کی طرف سے اگر نمازوں اور قرآن کریم کی تعلیم کی یا درس کی سکیم بنتی ہے تو انصار کی طرف سے بھی بن جائے اور خدام کی طرف سے بھی بن جائے اور سب مل کر ایک ہی روح سے کام کریں تو اس سے بہت اثر زیادہ ہوگا۔ بشرطیکہ لجنہ' انصار اور خدام کے تعلقات اچھے ہوں کیونکہ بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ شکایات آتی ہیں کہ لجنہ کا پروگرام ہے تو انصار تعاون نہیں کر رہے اور اپنی گھر کی عورتوں کو، بچیوں کو روک دیتے ہیں کہ تم نے نہیں جانا۔

حضور نے فرمایا کہ بعض عہدیداران کے متعلق بھی شکایات آتی ہیں کہ ان کے اپنے عمل ایسے نہیں یا کم از کم دوسروں پر ان کا اثر ایسا ہے جس کی وجہ سے لوگ ان کی بات ماننے کو تیار نہیں، یا ان کا اپنے سے بالا افسر کے ساتھ رویہ ایسا ہے جو دوسرے ماتحتوں کو پتہ لگتا ہے تو وہ بھی اس کے ساتھ ایسا سلوک کرتے ہیں۔ اگر آپ نے کام لینا ہے اور حقیقی انصار بن کر

دکھانا ہے تو پہلے اپنے اندر تبدیلیاں پیدا کریں۔ پہلے اپنی نمازوں کی حفاظت کریں۔ اپنی فرض نمازوں کے علاوہ نوافل کی طرف بھی توجہ دیں۔ قرآن کریم کے پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔ ایک احمدی کا ہر فعل خاص طور پر احمدی عہدیدار کا معیاری فعل ہونا چاہئے۔ اس کا اپنا رویہ اپنے گھر میں، اپنے ماحول میں، اپنے ماتحتوں کے ساتھ، اپنے افسران عہدیداران کے ساتھ ایسا ہونا چاہئے جو ایک مثال ہو۔ اگر یہ 386 انصار جو تمام ملک کی مجلس انصاراللہ میں سے جمع ہوئے ہیں، اگر آپ اپنے اندر ایک تبدیلی پیدا کریں، ایسی تبدیلی جو ہر ایک کو نظر آئے تو تبھی انقلاب بھی پیدا ہوسکتا ہے۔ تبھی آپ کے گھروں کے سکون بھی قائم ہوسکتے ہیں۔ آپ کے گھروں کی تربیت بھی ہوسکتی ہے اور اس ماحول کی تربیت ہوسکتی ہے جس میں آپ رہتے ہیں۔ آپ کی مجلس کے قدم ترقی کی طرف بڑھ سکتے ہیں۔

حضور نے فرمایا کہ ہم یہاں اکٹھے ہوئے ہیں ایک عہد باندھنے کے لئے کہ یہ ہماری ذمہ داریاں ہیں ان کو ہم نے پورا کرنا ہے اور جو ہمارے سے کمیاں، کمزوریاں اب تک ہوچکی ہیں ان کو ہم نے اپنے اندر سے دور کرنا ہے۔

حضور نے فرمایا کہ بڑی عمر میں بعض لوگوں میں کرختگی آجاتی ہے اور نوجوانوں کو سختی سے سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں اس طرح وہ نہیں سمجھیں گے۔ حکمت جو ہے وہ بھی مومن کا ایک خاصہ ہے اس لئے ہر کام جو آپ نے کرنا ہے ہر تربیت کا پہلو جو لے کے اپنے ماحول کی تربیت کرنے کی کوشش کرنی ہے اس میں حکمت بھی ضروری چیز ہے۔ اسی طرح دعوت الی اللہ ہے، دینی میدان میں بھی حکمت ضروری ہے یہ بھی ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے جماعت کی اور اب انشاءاللہ تعالیٰ مزید ذمہ داریاں بڑھنی ہیں۔

